© rasailojaraid.com

AT-TURAS
JAMIA DARUL - ULOOM BALTISTAN GHOWARI

# سجادی جس نے مردوں کے وجوہ پر ایک سے ایک داڑھی

وہ ہستی جس کی تخلیقات سے ہے کائنات ساری
سجادی جس نے مردوں کے وجوہ پر اک سے اک داڑھی

شعارِ خاص ٹھہرایا مسلماں کے لیے اس کو
مجوسوں کی علامت کو تراش کر چھوڑ تم اس کو

یہ دہلیزِ بلوغت پر ابھر آتی ہے چہروں پر
یہ قدرت کی صنعت کاری، بہار آتی ہے چہروں پر

رسول اللہ ﷺ کی سنت کی قدر کر دوستو داڑھی
وہ جس کے چہرہ انور پہ تھی نورانی سی داڑھی

محمدؐ اور علیؓ سے دم تو بھرتے ہیں محبت کا
گوارا ہی نہیں محبوب ایسی شکل و صورت کا

رسول اللہ ﷺ کی سنت کی یہ ناداں کر کے پامالی
مفت میں عاقبت کی مول لیتے ہیں یہ بربادی

کسی کی خشخشی داڑھی، کسی کی شکل اَمرد کی
نہیں ہے اسوہ احمدؐ، نقل ہے غیر مسلم کی

وہ چہرہ مسخ کر کے جب نکلتا ہے بڑا بدّو
کہ گویا تن پہ رکھا ہے سجا کر اک بڑا کدو

جنہیں ہوتی نہیں توفیق سجانے کی صحیح داڑھی
پہننی چاہیے ان کو بنارس کی بنی ساڑھی

مزین کر دیا قدرت نے نسواں کو تو زلفوں سے
نکھر کر جب نکلتے ہیں گُلوں جیسے یہ غنچوں سے

خدا نے صنفِ نازک کو وہ ڈھیروں حسنِ فطرت دی
شب دیجور سی بالیں، حیا و شرم کی دولت دی

کرشمہ سازی ہے بازی گرانِ اہلِ مغرب کی
حقوقِ صنفِ نازک کے چُھرے سے بال کٹوائی

نکل آتی ہے بے پردہ، پرس میں ہو نہ ہو دمڑی
بگاڑ کے حسنِ فطرت کو بشکل عام سی لومڑی

فکر کرتا ہے تو راشد پرستارانِ مغرب کی!
نظر آتی نہیں صورت تراش کردانِ محفل کی!

راشد صدیقی

© rasailojaraid.com